Habib Insurance Company Limited

Notice of Annual General Meeting

NOTICE is hereby given that the 77th Annual General Meeting of the Shareholders of the Company will convene through electronic means on Monday, May 18, 2020 at 12:00 Noon. The Securities and Exchange Commission of Pakistan through its circular No.5 dated March 17, 2020, has directed the listed companies to modify their usual planning of AGM for the wellbeing of shareholders in light of the threat posed by the evolving COVID-19 situation.

The entitled shareholders whose names appear in the Books of the Company by the close of business on May 12, 2020 and who are interested to attend AGM though online platform are hereby requested to get themselves registered with the Company Secretary Office by providing the following details at the earliest but not later than 24 hours before the time of AGM (i.e before 12:00 Noon on May 17, 2020) at agm@habibinsurance.net

Name of shareholder	CNIC No.	Folio No / CDS No.	Cell Number	Email address

Upon receipt of the above information from interested shareholders, the Company will send the login details at their email addresses. The company will convene the meeting through "Zoom Cloud meetings" which can be downloaded from google play or apple app store. Our shareholders are therefore requested to download the application ahead of the meeting. On the AGM day, shareholders will be able to login and participate in the AGM proceedings through their smart phones or computer devices from any convenient location.

The login facility will be opened 30 minutes before the meeting time to enable the participants to join the meeting after identification and verification process.

The entitled shareholders (whose names appeared in the Books of the Company by the close of business on May 12, 2020) along with the details mentioned above may send their comments/ suggestions for the proposed Agenda items at the above email address at least 24 hours before the meeting

The meeting will be convened to transact the following business:

1. To receive and adopt the Audited Accounts for the year ended December 31, 2019 together with the Directors' and Auditors' Report thereon.
2. To approve payment of cash dividend @ 10% i.e. Rs. 0.50 per share of Rs. 5/- each for the year ended December 31, 2019 as recommended by the Board of Directors.
3. To appoint Auditors for the year ending December 31, 2020 and to fix their remuneration M/s. KPMG Taseer Hadi & Co., Chartered Accountants, being eligible offer themselves for reappointment.
4. To elect nine Directors as fixed by the Board of Directors vide Resolution by Circular dated March 31, 2020, for the next term of three years commencing from May 10, 2020, in accordance with the provisions of the Companies Act, 2017. The retiring Directors are Messrs. Rafiq M. Habib, Abbas D. Habib, Mansoor G. Habib, Mohamedali R. Habib, Qumail R. Habib, Aun Mohammad A. Habib & Shahid Ghaffar.
5. To consider any other business of the Company with the permission of the Chair.

Special Business

6. To consider and pass the following special resolution for authorising investment by way of purchase of units of funds managed by our associated company, Habib Asset Management Limited.

   "RESOLVED that the Company be and is hereby authorised to invest upto Rs. 750 million in the units of Funds, managed by Habib Asset Management Limited.

   FURTHER RESOLVED that the Chief Executive and the Chief Financial Officer be and are hereby authorised jointly to make the aforesaid investments as and when deemed appropriate and to delegate the aforesaid powers to any officers of the Company as he may deem fit."

For item # 6, a statement under Section 160 of the Companies Act, 2017 is annexed

By Order of the Board

Karachi:
April 22, 2020

MUHAMMAD MAAZ AKBAR
Company Secretary

Notes:

1. The share transfer books of the Company will remain closed from Saturday, May 04, 2020 to Monday, May 18, 2020 (both days inclusive).
2. A member entitled to attend and vote at this meeting is entitled to appoint another member of the Company as his/ her proxy to attend and vote on his/ her behalf. Proxy form, in order to be effective, must be received at the Registered Office of the Company duly stamped and signed not less than 48 hours before the meeting.
3. The CDC account/ sub account holders are requested to bring with them their Computerized National ID Cards along with the Participant(s) ID number and their account numbers at the time of attending the AGM in order to facilitate identification of the respective shareholders. In case of corporate entity, the Board of Directors Resolution/ Power of Attorney with specimen signatures be produced at the time of meeting.
4. Members are requested to promptly communicate any change in their address to our Share Registrar, M/s. CDC Share Registrar Services Limited.
5. Pursuant to the directive of the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), it is mandatory to mention CNIC number of member on members' register and other statutory returns. Those shareholders who have not submitted copy of their CNIC to the Company are once again requested to submit copy of their CNIC, otherwise the Company will be constrained under section 243(2)(a) of the Companies Act, 2017 to withhold dividend of such shareholders.
6. The Government of Pakistan through Finance Act, 2017 has made certain amendments in Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 whereby different rates are prescribed for deduction of withholding tax on the amount of dividend paid by the companies. These tax rates are as under:

   (i) For filers of income tax returns 15 %
   (ii) For non-filers of income tax returns 30 %

   Shareholders who are filers are advised to make sure that their names are entered in to Active Taxpayer List (ATL) provided on the website of FBR at the time of dividend payment, otherwise they shall be treated as non-filers and tax on their cash dividend will be deducted at the rate of 30% instead of 15%.

   For shareholder holding their shares jointly, as per the clarification issued by the Federal Board of Revenue, withholding tax will be determined separately on 'Filer/Non-Filer' status of Principal shareholder as well as joint-holder(s) based on their shareholding proportions. Therefore, all shareholders who hold shares jointly are required to provide shareholding proportions of Principal shareholder and Joint-holder(s) in respect of shares held by them to our Share Registrar, in writing as follows:

Company Name	Folio/CDC Account No.	Total shares	Principal Shareholder		Joint Shareholder	
			Name and CNIC #	Shareholding Proportion (No. of Shares)	Name and CNIC #	Shareholding Proportion (No. of Shares)

   The required information must reach to the Company's Share Registrar within 10 days of this notice, otherwise it will be assumed that the shares are equally held by principal shareholder and joint holder(s).

   The Corporate shareholders having CDC account are required to have their National Tax number (NTN) updated with their respective participants, whereas physical shareholders should send a copy of their NTN certificate to the Company or Company's Share Registrar, M/s. CDC Share Registrar Services Limited. The shareholders while sending NTN or NTN certificates, as the case may be, must quote company name and their respective folio numbers.

7. **Mandatory requirement of Bank details for payment of dividend**

   Pursuant to the provision of Section 242 of the Companies Act, 2017, a listed company is required to pay cash dividend to shareholders only through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled shareholders. In order to receive your dividends directly into your Bank account, please complete the particulars of the e-dividend mandate form which is available on the Company's website www.habibinsurance.net and send duly signed to the Share Registrar, M/s. CDC Share Registrar Services Limited. CDC shareholders are requested to submit their Dividend Mandate directly to their broker (participant)/ CDC.

8. **Unclaimed/Unpaid Dividend and Share Certificates**

   Shareholders who could not collect their dividend /physical shares are advised to contact Share Registrar or our Registered Office to enquire and collect their unclaimed dividend/shares, if any. In compliance with Section 244 of the Companies Act, 2017, after having completed the stipulated procedure, all such unclaimed dividend and shares for a period of 3 years or more from the date it is due and payable shall be deposited to the credit of Federal Government in case of unclaimed dividend and in case of shares, shall be delivered to Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP).

9. **Transmission of Financial Statements & Notices through email**

   The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) through its Notification S.R.O. 787(I)/2014 dated September 8, 2014 has permitted companies to circulate Audited Financial Statements along with Notice of Annual General Meeting to its members through e-mail. Accordingly, members are requested to send their consent and e-mail addresses for receiving Audited Financial Statements and Notices through e-mail. In order to avail this facility, a standard request form is available at the Company's website.

10. **Election of Directors**

    Any person who seeks to contest the election of directors shall, whether he is a retiring director or otherwise, file with the Company, the following documents and information at its registered office not later than fourteen days before the date of the above said meeting:

    a). His/her Folio No./ CDC Investor Account No. /CDC Participant No./ Sub-Account No The qualification of a director shall be his/her holding shares in the Company of the nominal value of Rs.10,000 in terms of Article 52 of the Articles of Association;
    b). Notice of his/her intention to offer himself/herself for the election of directors in terms of section 159 of the Companies Act, 2017.
    c). Information on Annexure A, along with the attachments required therein, and Affidavit on Annexure B required under Insurance Companies (Sound and Prudent Management) Regulations, 2012 notified by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) vide S.R.O 15(1) of 2012 dated January 09, 2012. Annexure A and Annexure B are available on SECP's website (www.secp.gov.pk), website of the Company (www.habibinsurance.net) and can also be obtained from the Registered Office of the Company; 1st Floor, State Life Building No.6, Habib Square, M.A. Jinnah Road, Karachi.
    d). Affidavit on Annexure C required under S.R.O 1165(I) of 2016 dated December 22, 2016. The affidavit is available on Company's website and S.R.O 1165 is available on SECP's website.
    e). Undertaking on Annexure A required under direction issued vide S R.O 1525(1) of 2018 dated December 14, 2018. The undertaking is available on Company's website and S.R.O 1525 is available on SECP's website.
    f). Consent to act as director on Form 28 under section 167 of the Companies Act, 2017.
    g). A detailed profile alongwith his/her office address as required under SECP's S.R.O 634(1) of 2014 dated July 10, 2014 for placing on website of the Company.
    h). An attested copy of Computerized National Identity Card (CNIC or NICOP).
    i). A declaration that:
    - He/she is not ineligible to become a director of the Company under Section 153 of the Companies Act. 2017.
    - He/she is not serving as a director of more than seven listed companies.
    - He/she is aware of his/her duties and powers under the relevant laws, Memorandum & Article of Association of Company and Listing Regulations of Pakistan Stock Exchange.

    j). Please note that as per Regulation 2(2) of the Insurance Companies (Sound and Prudent Management) Regulations, 2012, proposed directors shall not assume the charge of office until their appointment has been approved by the SECP. The above information is required by the SECP for approval of the proposed directors and any other supporting information to evaluate the proposed director's fitness and propriety.

11. Pursuant to Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018, for the purpose of election of directors and for any other agenda item subject to the requirements of section 143 and 144 of the Companies Act, 2017, members will be allowed to exercise their right of vote through postal ballot, i.e. voting by post or through any electronic mode, in accordance with the requirements and procedure contained in the aforesaid Regulation.

For any query / clarification / information, the shareholder may contact the Share Registrar at the following address:

M/s. CDC Share Registrar Services Limited
CDC House, 99-B, Block-B, SMCHS, Main Shahrah-e-Faisal, Karachi-74400

Statement of Material Facts under Section 166(3) of the Companies Act, 2017

Persons eligible under Section 153, meet the criteria under section 166 of the Companies Act, 2017 and the Companies (Manner and Selection of Independent Directors) Regulation, 2018, may submit their nominations to be elected as independent directors. However, it is noteworthy to mention that independent directors shall be elected in the same manner as other directors are elected in terms of Section 159 of the Companies Act, 2017.

HABIB INSURANCE CO. LTD. KARACHI

حبیب انشورنس کمپنی لمیٹڈ

اطلاع سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ کمپنی کے شیئر ہولڈرز کا ۷۹ واں سالانہ اجلاس عام بذریعہ ویڈیو لنک بروز ۔۔۔ بتاریخ ۔۔۔ مئی ۲۰۲۰ء کو دوپہر ۳:۰۰ بجے منعقد کیا جائے گا۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے سرکلر نمبر ۵ مورخہ ۱۷ مارچ ۲۰۲۰ء کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت دی ہے کہ COVID-19 کورونا وائرس کی موجودہ صورتحال کے خطرے کے پیش نظر شیئر ہولڈرز کے تحفظ کے لئے سالانہ اجلاس عام کی عمومی پلاننگ سے اجتناب کریں۔

استحقاق کے حامل شیئر ہولڈرز جن کے نام ۱۸ مئی ۲۰۲۰ء کو کاروباری اوقات کے اختتام پر کمپنی کی کتب میں موجود ہوں گے اور جو سالانہ اجلاس عام میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کرنے کے خواہشمند ہوں ان سے بذریعہ ہٰذا درخواست کی جاتی ہے کہ وہ درج ذیل تفصیلات جلد از جلد تاہم سالانہ اجلاس عام کے وقت سے ۴۸ گھنٹے قبل agm@habibinsurance.net پر فراہم کر کے کمپنی سیکریٹری آفس میں رجسٹر کرائیں۔

شیئر ہولڈر کا نام	سی این آئی سی نمبر	فولیو نمبر/سی ڈی ایس نمبر	موبائل فون نمبر	ای میل ایڈریس

ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کرنے والے شیئر ہولڈرز کی جانب سے درج بالا معلومات کی وصولی پر کمپنی لاگ ان کی تفصیلات ان کے ای میل ایڈریس پر ارسال کرے گی۔ کمپنی نے "زوم" ایپلیکیشن کے ذریعے منعقد کرنے کی سہولت دی ہے جسے گوگل پلے/ایپل ایپ اسٹور سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ اس سلسلے میں ہمارے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اجلاس سے قبل ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کر لیں۔ سالانہ اجلاس عام کے دن شیئر ہولڈرز کسی بھی باسہولت مقام سے اپنے اسمارٹ فونز یا کمپیوٹر ڈیوائسز کے ذریعے سالانہ اجلاس عام کی کارروائی میں لاگ ان کر کے شرکت کر سکتے ہیں۔

لاگ ان کی سہولت اجلاس کے وقت سے ۳۰ منٹ قبل کھول دی جائے گی تاکہ شرکت کنندگان اپنی شناخت اور تصدیق کے عمل کے بعد اجلاس میں شرکت کے اہل ہو سکیں۔

استحقاق کے حامل شیئر ہولڈرز (جن کے نام ۱۸ مئی ۲۰۲۰ء کو کاروباری اوقات کے اختتام پر کمپنی کی کتب میں موجود ہوں گے) مذکورہ بالا تفصیلات کے ساتھ مجوزہ ایجنڈا آئٹمز کے لئے اپنے تاثرات/تجاویز بھی اجلاس کے وقت سے کم از کم ۲۴ گھنٹے قبل درج بالا ای میل ایڈریس پر ارسال کر سکتے ہیں۔

اجلاس درج ذیل امور کی انجام دہی کے سلسلے میں منعقد کیا جائے گا۔

۱۔ برائے سال مختتمہ ۳۱ دسمبر ۲۰۱۹ء آڈٹ شدہ حسابات مع ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی اور منظوری۔

۲۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق ۳۱ دسمبر ۲۰۱۹ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے بشرح ۱۰ فیصد یعنی فی ۵ روپے مالیت کے شیئر پر ۰.۵۰ روپے فی شیئر کے حساب سے نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کی منظوری۔

۳۔ ۳۱ دسمبر ۲۰۲۰ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین۔ میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہل ہونے کی بنیاد پر خود کو دوبارہ تقرری کیلئے پیش کیا ہے۔

۴۔ نو (۹) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔ جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کی شقوں کے مطابق بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ۱۰ مئی ۲۰۲۰ء سے شروع ہونے والی تین سالہ مدت کے لئے ۳۱ مارچ ۲۰۲۰ء کو جاری سرکلر کے ذریعے قرارداد کے تحت یہ تعداد مقرر کی ہے۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز میں میسرز رفیق ایم۔ حبیب، عباس ڈی۔ حبیب، منصور جی۔ حبیب، محمد علی آر۔ حبیب، کومیل آر۔ حبیب، عون محمد اے۔ حبیب اور شاہد غفار ہیں۔

۵۔ صدر اجلاس کی اجازت سے کمپنی کی کسی دیگر کارروائی پر غور و خوض۔

خصوصی کارروائی

۶۔ جاری شدہ کمپنی حبیب ایسیٹ مینجمنٹ لمیٹڈ کی جانب سے زیر انتظام فنڈز کے یونٹس کی خریداری کے ذریعے سرمایہ کاری کا اختیار دینے کیلئے درج ذیل خصوصی قرارداد پر غور و خوض اور اس کی منظوری۔

"قرار پایا کہ کمپنی کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہٰذا اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ حبیب ایسیٹ مینجمنٹ لمیٹڈ کے زیر انتظام فنڈز کے یونٹس میں ۴۰۰ ملین روپے تک کی سرمایہ کاری کرے۔

مزید قرار پایا کہ چیف ایگزیکٹو اور چیف فنانشل آفیسر کو اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہٰذا اختیار دیا جاتا ہے کہ مشترکہ طور پر مذکورہ بالا سرمایہ کاری کے ضمن میں جب اور جہاں ضروری ہو مناسب اقدامات کریں اور کمپنی کے کسی آفیسر کو اس سلسلے میں مذکورہ اختیارات دیں۔"

آئٹم نمبر ۶ پر عملدرآمد کے سلسلے میں توضیح کریں۔ اس سلسلے میں کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۱۳۴ کے تحت ایک اسٹیٹمنٹ منسلک ہے۔

حسب الحکم بورڈ
محمد لقمان اکبر
کمپنی سیکریٹری

کراچی:
۲۴ اپریل ۲۰۲۰ء

نوٹس:

۱۔ کمپنی کی شیئرز ٹرانسفر بکس بروز ۱۹ مئی ۲۰۲۰ء تا ۲۸ مئی ۲۰۲۰ء (بشمول ہر دو ایام) بند رہیں گی۔

۲۔ ہر وہ ممبر جسے اجلاس ہٰذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حق حاصل ہے اپنے بجائے شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے کمپنی کے دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کرنے کا حق رکھتا/رکھتی ہے۔ موثر العمل ہونے کے لئے پراکسی فارم باقاعدہ اسٹیمپ شدہ اور دستخط شدہ اجلاس سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں لازماً موصول ہو جائے۔

۳۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ/سب اکاؤنٹ ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈز مع پارٹیسپنٹ (پارٹیسپنٹس) آئی ڈی نمبر اور اپنے اکاؤنٹ نمبرز سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرتے وقت ہمراہ لائیں تاکہ متعلقہ شیئر ہولڈرز کی شناخت میں سہولت ہو۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط بوقت اجلاس پیش کرنی ہوگی۔

۴۔ ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتوں میں کسی بھی تبدیلی سے فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو مطلع فرمائیں۔

۵۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی ہدایات کے مطابق یہ لازمی ہے کہ ممبر کا سی این آئی سی نمبر ممبران کے رجسٹر اور دیگر قانونی گوشواروں پر درج کیا جائے۔ وہ شیئر ہولڈرز جنہوں نے ابھی تک اپنے سی این آئی سی کی کاپی کمپنی کو جمع نہیں کرائی ہے ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے سی این آئی سی کی کاپی جمع کرا دیں بصورت دیگر کمپنی اپنے شیئر ہولڈرز کا منافع منقسمہ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۲۴۳(۲)(a) کے تحت روک لے گی۔

۶۔ حکومت پاکستان نے فنانس ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے ذریعے انکم ٹیکس آرڈیننس ۲۰۰۱ء کی دفعہ ۱۵۰ میں ترامیم کی ہیں جس کے ذریعے کمپنیوں کی جانب سے ادا کئے جانے والے منافع منقسمہ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کیلئے مختلف ریٹس مقرر کئے گئے ہیں۔ یہ ٹیکس ریٹس درج ذیل ہیں:

(اے) برائے انکم ٹیکس ریٹرنز کے فائلرز ۱۵ فیصد

(بی) برائے انکم ٹیکس ریٹرنز کے نان۔فائلرز ۳۰ فیصد

وہ شیئر ہولڈرز جو فائلرز ہیں انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ منافع منقسمہ کی ادائیگی کے وقت ایف بی آر کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) پر اپنے ناموں کی موجودگی کو یقینی بنائیں، بصورت دیگر انہیں نان۔فائلرز تصور کیا جائے گا اور ان کے نقد منافع منقسمہ پر ٹیکس کی کٹوتی ۱۵ فیصد کے بجائے ۳۰ فیصد کی شرح سے کی جائے گی۔

فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جاری کردہ وضاحت کے مطابق جوائنٹ ہولڈنگ کے حامل شیئر ہولڈرز کے ودہولڈنگ ٹیکس کی تشخیص پرنسپل ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر(ز) کی ہولڈنگ کے تناسب سے "فائلر/نان۔فائلر" حیثیت کی بنیاد پر جداگانہ ہوگی، لہٰذا وہ تمام شیئر ہولڈرز جو کہ جوائنٹ ہولڈنگ رکھتے ہیں ہمارے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر درج ذیل فارمیٹ میں پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈر(ز) کی ہولڈنگ کے تناسب سے آگاہ کریں:

کمپنی کا نام	فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	مجموعی شیئرز	پرنسپل شیئر ہولڈر: نام اور سی این آئی سی نمبر	پرنسپل شیئر ہولڈر: شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)	جوائنٹ شیئر ہولڈر: نام اور سی این آئی سی نمبر	جوائنٹ شیئر ہولڈر: شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد)

مطلوبہ معلومات لازمی طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اس نوٹس کے دس روز کے اندر موصول ہو جانی چاہئیں بصورت دیگر یہ تصور کیا جائے گا کہ شیئرز پرنسپل اور جوائنٹ ہولڈرز کے پاس مساوی تعداد میں موجود ہیں۔

وہ کارپوریٹ شیئر ہولڈرز جو سی ڈی سی اکاؤنٹ کے حامل ہیں انہیں اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (این ٹی این) مع اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹس اپ ڈیٹ کرانے ہوں گے جبکہ فزیکل شیئر ہولڈرز کو اپنے این ٹی این سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو ارسال کرنا ہوگی۔ شیئر ہولڈرز اپنے این ٹی این یا این ٹی این سرٹیفکیٹس، جیسی بھی صورت ہو، کو ارسال کرتے وقت لازماً کمپنی کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو نمبرز کا اندراج کریں۔

۷۔ منافع منقسمہ کی ادائیگی کے لیے بینک تفصیلات کی لازمی شرط

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۲۴۲ کی شقوں کے مطابق کسی بھی لسٹڈ کمپنی کے لئے یہ لازم ہے کہ وہ شیئر ہولڈرز کو نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی صرف استحقاق کے حامل شیئر ہولڈرز کی جانب سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہ راست الیکٹرونک طریقہ کار کے تحت کرے۔ اپنے منافع منقسمہ کو اپنے بینک اکاؤنٹ میں براہ راست وصول کرنے کی غرض سے برائے مہربانی ای۔منافع منقسمہ مینڈیٹ فارم کے کوائف کو مکمل کریں جو کمپنی کی ویب سائٹ www.habibinsurance.net پر دستیاب ہے اور اسے باقاعدہ دستخط کے ساتھ شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو ارسال کر دیں۔ سی ڈی سی شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے منافع منقسمہ مینڈیٹ کے فارم براہ راست اپنے بروکر (پارٹیسپنٹ)/سی ڈی سی کو جمع کرا دیں۔

۸۔ غیر کلیم شدہ/غیر ادا شدہ منافع منقسمہ اور شیئرز سرٹیفکیٹس

وہ شیئر ہولڈرز جو اپنے منافع منقسمہ/فزیکل شیئرز وصول نہیں کر سکے انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ شیئر رجسٹرار یا ہمارے رجسٹرڈ دفتر سے اپنے غیر کلیم شدہ منافع منقسمہ/شیئرز، اگر کوئی ہوں، کے بارے میں معلومات یا ان کی وصولی کیلئے رابطہ کریں۔ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۲۴۴ پر عملدرآمد کرتے ہوئے تمام مقررہ طریقہ کار مکمل کرنے کے بعد ایسے تمام غیر کلیم شدہ منافع منقسمہ اور شیئرز جو ان کے واجب الادا اور قابل ادائیگی ہونے کی تاریخ سے ۳ سال یا زائد مدت کیلئے غیر کلیم شدہ ہوں، انہیں غیر کلیم شدہ منافع منقسمہ ہونے کی صورت میں وفاقی حکومت کے پاس جمع کرا دیا جائے گا اور شیئرز ہونے کی صورت میں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کو فراہم کر دیا جائے گا۔

۹۔ مالیاتی حسابات اور نوٹس کی بذریعہ ای میل ترسیل

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے اپنے نوٹیفکیشن ایس آر او ۷۸۷(۱)/۲۰۱۴ مورخہ ۸ ستمبر ۲۰۱۴ء کے ذریعے کمپنیوں کو آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات بشمول سالانہ اجلاس عام کے نوٹس بذریعہ ای میل ارسال کرنے کی اجازت دی ہے۔ اس کے مطابق ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ آڈٹ شدہ حسابات اور نوٹس بذریعہ ای میل وصول کرنے کی غرض سے اپنے اجازت نامے اور ای میل ایڈریس ارسال کریں۔ اس سہولت کو حاصل کرنے کے سلسلے میں ایک اسٹینڈرڈ درخواست فارم کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔

۱۰۔ ڈائریکٹرز کا انتخاب

کوئی بھی فرد جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو چاہے وہ سبکدوش ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی دیگر، اسے کمپنی کے پاس درج ذیل دستاویزات اور معلومات اس کے رجسٹرڈ آفس میں مذکورہ بالا اجلاس کی تاریخ سے کم از کم چودہ دن قبل لازماً جمع کرانا ہوں گی۔

اے) اپنے فولیو نمبر/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ نمبر/سی ڈی سی پارٹیسپنٹ نمبر/ذیلی اکاؤنٹ نمبر، جو ڈائریکٹرز کی اہلیت آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل ۵۷ کے مطابق کم از کم ۱۰۰۰ روپے کی مجموعی مالیت کمپنی شیئرز کا حامل ہونا ہے۔

بی) کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۱۵۹ کی شرائط کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے خود کو پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس۔

سی) ضمیمہ اے پر معلومات بشمول اس سے منسلک تمام مطلوبہ معلومات اور انشورنس کمپنیز (ساؤنڈ اینڈ پروڈنٹ مینجمنٹ) ریگولیشنز ۲۰۱۲ء، جو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے ایس آر او ۱۵(۱)/۲۰۱۲ مورخہ ۹ جنوری ۲۰۱۲ء کو مشتہر کئے گئے، کے تحت ضمیمہ بی پر حلف نامہ۔ ضمیمہ اے اور ضمیمہ بی ایس ای سی پی کی ویب سائٹ (www.secp.gov.pk)، کمپنی کی ویب سائٹ (www.habibinsurance.net) پر دستیاب ہیں اور کمپنی کے رجسٹرڈ آفس پہلی منزل، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر ۶، حبیب اسکوائر، ایم اے جناح روڈ، کراچی سے بھی حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

ڈی) ایس آر او ۱۱۹۶(۱) بابت ۲۰۱۹ء مورخہ ۳ اکتوبر ۲۰۱۹ء کے تحت درکار ضمیمہ سی پر حلف نامہ۔ یہ حلف نامہ کمپنی کی ویب سائٹ اور ایس آر او ۱۱۹۶ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

ای) ایس آر او ۱۵۷۵(۱) بابت ۲۰۱۸ء مورخہ ۱۳ دسمبر ۲۰۱۸ء کے تحت جاری ہدایات کے مطابق درکار ضمیمہ اے اور ضمیمہ بی کمپنی کی ویب سائٹ اور ایس آر او ۱۵۷۵ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

ایف) کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۱۶۷ کے تحت فارم ۲۸ پر بطور ڈائریکٹر فرائض انجام دینے کا اجازت نامہ۔

جی) ایک مفصل پروفائل بشمول اپنے دفتر کا پتہ جیسا کہ ایس ای سی پی کے ایس آر او ۶۳۴(۱) بابت ۲۰۱۴ء مورخہ ۱۰ جولائی ۲۰۱۴ء کے تحت کمپنی کی ویب سائٹ پر فراہم کرنے کے لئے درکار ہے۔

ایچ) کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی یا این آئی سی او پی) کی ایک مصدقہ کاپی۔

آئی) اس امر کا حلف نامہ کہ:

- وہ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۱۵۳ کے تحت کمپنی کا/کی ڈائریکٹر بننے کے لئے نااہل نہیں ہے۔
- وہ سات سے زائد لسٹڈ کمپنیز میں بحیثیت ڈائریکٹر فرائض انجام نہیں دے رہا/رہی۔
- وہ متعلقہ قوانین، کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے لسٹنگ قوانین کے تحت اپنے فرائض اور اختیارات سے بخوبی آگاہ ہے۔

جے) برائے مہربانی آگاہ رہیں کہ انشورنس کمپنیز (ساؤنڈ اینڈ پروڈنٹ مینجمنٹ) ریگولیشنز ۲۰۱۲ء کے ضابطہ ۴(۲) کے مطابق مجوزہ ڈائریکٹرز اس وقت تک عہدے پر اپنے فرائض نہیں سنبھال سکتے جب تک ایس ای سی پی کی جانب سے ان کی تقرری کے لئے منظوری نہ دے دی جائے۔ مذکورہ بالا معلومات مجوزہ ڈائریکٹرز کی منظوری کے لئے ایس ای سی پی کو درکار ہیں اور دیگر کوئی بھی تائیدی معلومات جس کے تحت مجوزہ ڈائریکٹر کی شخص اور پروپرائٹری کا تعین کیا جا سکے۔

۱۱۔ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز ۲۰۱۸ء کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لئے اور کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۱۴۳ اور ۱۴۴ کی شرائط سے مشروط کسی دیگر ایجنڈا آئٹم کے لئے ممبران کو پوسٹل بیلٹ یعنی ووٹنگ بذریعہ ڈاک یا کسی الیکٹرونک طریقہ کار کے ذریعے اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت دی جائے گی جو مذکورہ بالا ریگولیشنز میں درج شرائط اور طریقہ کار کے مطابق ہے۔

کسی استفسار/وضاحت/معلومات کے لئے شیئر ہولڈرز درج ذیل پتے پر شیئر رجسٹرار سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ

سی ڈی سی ہاؤس، ۹۹۔بی، بلاک۔بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی۔۷۴۴۰۰

کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۱۶۶(۳) کے تحت ضروری بیان

سیکشن ۱۵۳ کے تحت اہل اور کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۱۶۶ اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب اور طریقہ کار) ریگولیشنز ۲۰۱۸ء کے تحت مقررہ معیار پر پورا اترنے والے افراد آزاد ڈائریکٹرز منتخب کئے جا سکتے ہیں۔ تاہم اس امر کو واضح کیا جاتا ہے کہ آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب اسی طریقے سے کیا جائے گا جس طرح کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے سیکشن ۱۵۹ کی شرائط کے مطابق دیگر ڈائریکٹرز کا انتخاب ہوگا۔

HABIB INSURANCE CO. LTD. ★ KARACHI